میم مدینہ مارہرہ کی قسمت ہے
اس گنبد کو اس گنبد سے نسبت ہے







احساس شیخ

# برکاتی عملیات

مرتبہ
حضرت مولانا محمد مظہر حسن برکاتی بدایونی مدظلہ العالی

منجانب :
بزم قاسمی برکاتی بدایوں شریف یوپی

تقسیم کار :
برکاتی بک ڈپو، ۲۲، اسلامیہ مارکیٹ، نومحلہ مسجد، بریلی شریف

[illegible]

فیہ شفاء للناس

[illegible]

مجرب برکاتی اعمال [illegible]

# برکاتی عملیات

محمد معظم برکاتی

مرتبہ

[illegible]

احمد ابن شیخ

[illegible]

زیر اہتمام

[illegible]

[illegible]

معاونین

[illegible]

[illegible]

[illegible]

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

یا اللہ　　یا رحمٰن　　یا رحیم

**بفیض روحانی**

حضور تاجدار ولایت، جبل استقامت، تاج العلماء وحضور تاجدار علم وحکمت
سید العلماء قدس سرّ ہما واعلیٰ حضرت فقیہ اعظم محقق بریلوی رضی اللہ عنہ

# شرف انتساب

فقیر برکاتی اپنی اس کاوش کو

زبدۃ الاولیاء سراج الاصفیاء حضور احسن العلماء مرشد اعظم ہند
حافظ وقاری مفتی مولانا سید شاہ مصطفیٰ حیدر حسن میاں برکاتی قدس سرہٗ
وحضرت تاجدار اہلسنت آفتاب رشد وہدایت مولانا شاہ مصطفیٰ رضا خاں
برکاتی مفتی اعظم ہند رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے
جن کی عطاؤں اور روحانی فیضان ہی میرے لیے سرمایہ دارین ہیں۔

**خادم الاولیاء**
فقیر حقیر سراپا تقصیر محمد مظہر حسن برکاتی بدایونی

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# زیر فیضان کرم

سایہ رہے سروں پر مرشد کے جانشیں کا
کھلتے رہیں دلوں پر اسرار شاہِ قاسم

فقیر اپنی اس کاوش کو ان حضرات کرام' آقایان نعمت مرشد زادوں کی نذر کرتا ہے جو اب برکاتی برکتوں' نورانی نعمتوں' قاسمی عطاؤں کے قاسم ہیں جن کے صدقہ و طفیل مریضوں کو ان برکاتی عملیات پر عمل کر کے شفا نصیب ہو۔ آمین

حضور فیض گنجور منبع جود و عطا گل گلزار برکاتیت
امین ملت ڈاکٹر مولانا سید شاہ محمد امین
میاں برکاتی مدظلہ العالی
صاحب سجادہ درگاہ معلّٰی خانقاہ برکاتیہ
قاسمیہ مارہرہ مطہرہ ضلع ایٹہ

حضرت رفیق ملت صوفی باصفا مولانا
سید شاہ نجیب حیدر میاں برکاتی
نوری مدظلہ العالی
نائب سجادہ نشین
خانقاہ برکاتیہ مارہرہ مطہرہ ضلع ایٹہ

ایسے آقاؤں کا بندہ ہوں رضا
بول بالے میری سرکاروں کے

محتاج کرم
ناچیز محمد مظہر حسن برکاتی بدایونی

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# مجلس مشاورت

۱۔ محترم المقام عالی جناب احمد مجتبیٰ صاحب صدیقی برکاتی نواسۂ حضور سید العلماء رحمۃ اللہ علیہ محلہ سوتھ بدایوں شریف

۲۔ حضرت العلام مولانا حافظ قاری عبد الرحمٰن ازہر القادری برکاتی ڈائرکٹر رضا اسلامک مشن لندن

۳۔ حضرت مولانا مفتی صوفی عاشق علی قادری رضوی گولا لکھیم پور

۴۔ حضرت مولانا حافظ وقاری محمد ارشاد القادری شیر پور پورن پور پیلی بھیت

۵۔ محترم المقام ڈاکٹر شرافت اللہ خاں برکاتی خان کلینک آنولہ بریلی شریف

۶۔ جناب افتخار الدین برکاتی محلہ سوتھ بدایوں

۷۔ ڈاکٹر ناصر اللہ خاں برکاتی محلہ سرائے فقیر بدایوں

☆☆☆

جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | برکاتی عملیات |
| نام مؤلف | : | مولانا محمد مظہر حسن برکاتی بدایونی |
| حسب فرمائش | : | حافظ نذر اللہ قادری مظہری شیر پور اور جملہ احباب طریقت بدایوں |
| باراول | : | ایک ہزار |
| اشاعت | : | ماہ محرم الحرام ۱۴۲۲ھ |
| قیمت | : | دس روپئے |
| کتابت | : | سید طارق علی (طیبہ کمپیوٹرز سوتھ بدایوں) |

FREE AMLIYAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# نگاہ اولین

فقیر برکاتی کی ایک عرصہ سے دلی خواہش تھی کہ مرشد برحق جبل استقامت ممدوح اعلیٰ حضرت حافظ وقاری مولانا مفتی سید شاہ اولاد رسول محمد میاں قادری برکاتی قدس سرہٗ کی تصنیف لطیف اصح التواریخ سے کچھ اوراد واعمال جو آیات قرآنی پر مبنی ہیں اور بعض نقوش و اعمال تاریخی کتاب خاندان برکات سے عامۃ المسلمین کے فائدے کے لئے شائع کر دیے جائیں لہٰذا غلام حضور مرشد اعظم ہند تاج دار برکاتیت حافظ وقاری مولانا مفتی سید شاہ مصطفیٰ حیدر حسن میاں برکاتی قدس سرہٗ کی خدمت اقدس میں خانقاہ برکاتیہ مارہرہ مطہرہ حاضر ہوا۔ دیدار سے مشرف ہوا۔ بعد قدم بوسی حضور سے بعض اوراد واعمال نیز بعض مضامین جو اہل سنت کی آواز میں حضرت کے شائع ہوئے ہیں۔ شائع کرنے کی اجازت چاہی تو حضور نے اپنے خصوصی انداز مشفقانہ میں فرمایا آپ تو بہت قدیم آنے والوں میں سے ہیں۔ ہر سال ہی آتے ہیں پابندی سے ماشاء اللہ آپ کو بالکل اجازت ہے۔ ضرور شائع کریں سوچ اچھی ہے بعدہٗ فرمایا کہ بھائی صاحب کے مضامین بھی شائع کریں۔ بھائی صاحب سے مراد حضور شاہ سید العلماء علیہ الرحمہ والرضوان ہیں اجازت کے الفاظ مبارکہ عطا فرماتے وقت ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے محبت شفقت کے جام سینہ میں انڈیل رہے ہوں۔ سبحان اللہ یہ تھی آقا کی شان حسن۔ پس اجازت رخصتی طلب کی اور بدایوں واپس آیا مگر میری شامت اعمال اور بعض وجوہ دنیوی کی بنا پر یہ کام اب تک نہ کر سکا کف افسوس اب پھر یاد تازہ ہوئی اور بعض مخصوص احباب جیسے برادر طریقت نور احمد برکاتی بدایونی، برادر طریقت ڈاکٹر شرافت اللہ خاں برکاتی اور عزیزم افتخار الدین برکاتی نے اسرار کیا کہ آپ مارہرہ مطہرہ کے مشائخ عظام رضوان اللہ تعالیٰ کی شان میں کچھ تو قلم اٹھائیں جو بہت ضروری ہے مگر اب میں علیل و بیمار و نحیف کیا کروں۔ لقوہ کی شکایت اچانک ہوگئی۔ کیا کیا جائے وقت بہت کم نہ جانے موت کس وقت دبوچ لے بس اپنی پناہ گاہ خانقاہ برکاتیہ مارہرہ شریف حاضر ہوا۔ اپنے آپ کو

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مردہ سمجھ کر آقائے نعمت حضور سید شاہ ڈاکٹر امین میاں صاحب قبلہ صاحب سجادہ خانقاہ برکاتیہ کی خدمت میں حاضر ہوا اشاروں سے عرض کیا۔ حضور نے نظرِ کرم سے دیکھا اور میرے سر پر دستِ کرم رکھا کچھ پڑھا دم کیا فرمایا مظہر بھائی نہ گھبرائیں انشاء اللہ ٹھیک ہو نگے۔ مطمئن رہیں اتنا فرمانا تھا کہ اسی وقت حضور اشرف ملت مدظلہ العالی کا نیاز حاصل ہوا فرمایا مظہر بھائی کیا ہوا؟ میں نے اشارہ کیا حضور نے بڑی شفقت سے میرے سر پر دستِ کرم رکھا اور کچھ دیر تک پڑھا تین بار دم کیا۔ جایئے آرام کریں ضرور شفاء ہوگی پریشان نہ ہوں۔ میں رخصت ہوا خانقاہ شریف کے دروازے کے سامنے حضور سید شاہ رفیق ملت قبلہ کا گذر ہوا۔ دست بوسی کی اور عرض کیا کہ حضور دعا فرمائیں اپنا دستِ کرم سینہ پر رکھ کر فرمایا ٹھیک ہو جائیں گے۔ میں کتنا خوش قسمت تھا کہ آقاؤں کی دعاؤں سے مالا مال ہو کر کتنے حسین انداز سے بدایوں واپس ہو رہا ہوں۔ مجھے یقین ہو چکا تھا کہ بہت جلد شفاء یاب ہونگا اور دوسری زندگی مل جائیگی۔ بہت جلد صحت یاب ہوا۔ مرض غائب ہوا۔ یہ تھا آقایان کرام کا نوازنا اور کرم فرمانا کہ بہت جلد خوش خرم شاد ماں نظر آیا۔ اب اپنا دینی تبلیغی کام شروع ہوا اور کتاب گلہائے برکات شائع ہونا تھی کہ برکتوں نے ایسا نوازا کہ ایک ہی سال میں مختلف مضامین پر مبنی دینی کتب آٹھ دس اقسام کی ہزاروں کی تعداد میں منجانب بزم قاسمی برکاتی بغرض اشاعت دین عمل میں آئیں۔ اب الحمد للہ برکاتی عملیات آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ مولا تعالیٰ ہماری دینی کاوشوں کو قبولیت عطا فرمائے اور عامۃ المسلمین کو برکاتی فیضان سے مالا مال فرمائے اور رب قدیر سے دعا ہے کہ تا حیات یہ خدمات جاری وساری رہیں آمین۔ بجاہ النبی الکریم علیہ الصلاۃ تسلیم وعلیٰ الہ واصحابہ اجمعین۔ اس شعر کے ساتھ ؎

تم نے جو شمع جلائی ہے نہ بجھنے پائے ۔۔۔ اب تو لے دیکھے یہی کام ہمارا ٹھہرا

سگِ بارگاہ سادات کرام۔

ناچیز محمد مظہر حسن قادری برکاتی عفی عنہ بدایونی

FREE AMLIYAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْن

# ازاصح التواریخ

مصنفہ حضور تاج العلماء سراج العرفا، حافظ وقاری مولانا مفتی سید شاہ اولادِ رسول محمد میاں قادری برکاتی قدس سرہٗ مارہروی

# برکاتی عملیات

## دردسر ختم ہونے کے لئے

تین باران آیات کودم کرے یا لکھ کر سر پر باندھے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم وَلَا تَحْلِقُوا رُؤُسَكُم حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ط فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضاً اَوْ بِهٖ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ج لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ۝ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ط وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

## دفع دردسر ونیم دردسر کے لیے آدھے سر کے درد کے لیے

یہ آیات تین بار پڑھے سر پر دم کرے یا لکھ کر سر پر باندھے: بِسْمِ اللّٰهِ

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كٓهٰيٰعٓصٓ ۚ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۚ
اِذْنَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ
شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝

## دفع دردِ چشم کے لیے (آنکھوں کے درد کے لیے)

یہ آیات تین مرتبہ پڑھ کر آنکھ پر دم کرے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ اِذْهَبُوْا بِقَمِیْصِیْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰی وَجْهِ اَبِیْ یَاْتِ
بَصِیْرًا ۚ وَ اْتُوْنِیْ بِاَهْلِکُمْ اَجْمَعِیْنَ فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ
فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ۝ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤی اُمِّهٖ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ
وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰکِنَّ اَکْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا
کَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

## ناک سے خون بہنا روکنے کے لیے

یہ آیات سات مرتبہ پڑھ کر ناک پر دم کریں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَکِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ
وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝

## ہکلا پن دور ہونے کے لیے

یہ آیت لکھ کر دھو کر پیے جب تک ہکلا پن دور نہ ہو: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْۤ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ
لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

## گرم تپ کے دفع کے لیے

یہ آیت پڑھکر دم کرے یالکھ کر گلے میں ڈالے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ ۝ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۝

## دفع لرزہ کے لیے

اس کو سات بار پڑھ کر دم کرے اور لکھ کر گلے میں ڈالے ، لکھ کر پیجئے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّ لَا زَمْهَرِيْرًا ۝

## دفع سحر کے لئے

یہ آیات لکھ کر بازو پر باندھے اور چند بار پڑھ کر دم بھی کرے سحر ختم ہو:
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

## آسیب زدہ کے لیے

کان میں گیارہ مرتبہ یہ آیات پڑھے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ج لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝

## دفع درد گوش

یہ آیات سات مرتبہ پڑھکر کان پر دم کرے یا لکھ کر کان میں باندھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِىْ اُذُنَيْهِ



FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

وَقُرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيمٍ ۝ فَضَرَبْنَا عَلٰى آذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۙ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ

## دفع درد دندان

امیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کا اسم مبارک عبداللہ صدیق اکبر ابوبکر لکھ کر دانت کے نیچے رکھے۔

## کھانسی دور ہونے کے لیے

اس آیت کو لکھ کر دھوکر پیئے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ؕ

## زبان کا درد دور ہونے کے لیے

ان دو آیتوں کو لکھ کر گردن میں باندھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَ تُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ؕ وَلَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ

## دفع درد حلق

یہ آیت پڑھ کر حلق پر دم کرے یا لکھ کر گلے میں باندھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَلَوْلَا اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۙ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# گردن کا درد دور ہونے کے لیے

اس آیت کو سات بار پڑھ کر گردن پر دم کرے یا لکھ کر باندھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ٥

# ہاتھ کا درد ختم ہونے کے لیے

اس آیت کو تین بار پڑھ کر ہاتھ پر دم کرے یا لکھ کر ہاتھ پر باندھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بَلْ یَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ یُنْفِقُ كَیْفَ یَشَآءُ ؕ وَلَا یَزِیْدَنَّ كَثِیْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْیَانًا وَّكُفْرًا ؕ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ٥ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَیْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ٥

# بازو کے درد اور ہڈی کے ہر درد کو دور کرنے کے لیئے

اس آیت کو تین بار پڑھ کر درد کی جگہ دم کریں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ قف یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ؕ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ۚ وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

## دفع درد سینہ کے لیے

سورہ الم نشرح لک صدرک آخر آیت تک یعنی پوری پڑھ کر سینہ پر دم کریں۔

## دفع درد جگر و گردہ کے لیئے

ان آیات کو پڑھ کر گردہ اور جگر پر دم کریں یا لکھ کر دھو کر پلائیں: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ طٰہٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰی اِلَّا تَذْکِرَۃً لِّمَنْ یَّخْشٰی تَنْزِیْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰی ط اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی ٥

## دفع درد طحال

یعنی تلی کے لیئے

اس آیت کو سات بار پڑھ کر تلی پر دم کرے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَہُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ ط اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ٥ اس آیت کو دم کرنے کے فوراً بعد یہ دعا پڑھے یَا طِحَالُ ارْجِعْ عَلٰی مَکَانِکَ بِحَقِّ سَیِّدِنَا اَبِیْ بَکْرِ نِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

## دفع درد پشت

پیٹھ کے لیے

ان آیات کو سات بار پڑھ کر دم کرے یا لکھ کر باندھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَخْرُجُ مِنْ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ط اِنَّہٗ عَلٰی رَجْعِہٖ لَقَادِرٌ ط یَوْمَ تُبْلَی السَّرَآئِرُ ط فَمَا لَہٗ مِنْ قُوَّۃٍ وَّلَا نَاصِرٍ ط

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

## دفع دردِ شکم

اس آیت کو تین بار پڑھ کر پیٹ پر دم کرے یا لکھ کر دھو کر پلائے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم وَإِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِي بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ فَلَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمْ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْم

## دشمن پر فتح وظفر کے لئے

اور عافیت دارین کے لئے یہ جامع دعا پڑھا کریں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاتَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَة ٥

## دفع صرع کے لئے

سورۃ سجدہ لکھ کر بازو پر باندھے اگر مرگی والا بے ہوش ہو تو اس پر سورۃ واللیل پوری پڑھ کر دم کرے۔

## اسقاط حمل سے حفاظت کے لئے

اس آیت کو لکھ کر کمر میں عورت کی باندھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْن

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# حمل نہ رہنے کے لئے

اس آیت کو لکھ کر عورت کے گلے میں باندھے جب تک یہ سورۃ گلے میں رہیگی حمل نہ رہیگا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وما قدرو الله حق قدرہٖ والارض جمیعا قبضتہ یوم القیامۃ والسموات مطویت بیمینہ سبحنہ وتعلی عما یشرکون

# آسانی ولادت کے لئے

یہ آیت پیٹ یا گلے میں باندھے بعد ولادت فوراً کھول ڈالے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اِذَا السَّمَآءُ انۡشَقَّتۡ ۙ وَ اَذِنَتۡ لِرَبِّہَا وَ حُقَّتۡ ۙ وَ اِذَا الۡاَرۡضُ مُدَّتۡ ۙ وَ اَلۡقَتۡ مَا فِیۡہَا

# زیادتی شیر کے لئے

اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر گائے کے دودھ سے دھو کر تین دن پلائے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَاَنۡہٰرٌ مِّنۡ لَّبَنٍ لَّمۡ یَتَغَیَّرۡ طَعۡمُہٗ وَاَنۡہٰرٌ مِّنۡ خَمۡرٍ لَّذَّۃٍ لِّلشّٰرِبِیۡنَ ۬ وَ اَنۡہٰرٌ مِّنۡ عَسَلٍ مُّصَفًّی ؕ وَ لَہُمۡ فِیۡہَا مِنۡ کُلِّ الثَّمَرٰتِ ○

# بچوں کا دودھ چھڑانے کے لئے

سورۂ بروج لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈالیں۔

# لڑکی کا پیام آنے کے لئے

ہر روز سورۂ اخلاص پڑھا کریں پابندی سے۔ انشاء اللہ لگاتار پڑھنے پر ضرور پیام آئیگا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

## درد کمر و ناف کو دور کرنے کے لئے

اس آیت کو سات بار پڑھ کر ناف اور کمر پر دم کرے یا لکھ کر کھائے شفا پائے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ٥

## دفع درد خصیہ

اس آیات کو سات بار پڑھ کر تلی کے تیل میں دم کرے اور اس جگہ لگائے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا٥

## ہر مرض کے دور کرنے کے لئے

قرآن کی یہ سات آیات آیات شفا ہیں۔ ہر مرض میں چاہے وہ کیسا ہی مرض ہو۔ سخت سے سخت مرض میں لکھ کر مریض کو پلائیں چالیس روز لگاتار پابندی سے پلانے سے بہت شفا ہوتی ہے۔ ہر روز زعفران اور گلاب سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔ آیات شفا یہ ہیں: اس طریقہ سے لکھیں: يَا شَافِي يَا كَافِي يَا سَلَامُ بِحَقِّ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ٥ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ٥ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ٥ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ٥ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ٥ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ٥

درود شفا بھی لکھ کر پلانے سے مریض کو شفا ملتی ہے۔ زعفران سے لکھ کر دھو کر پلائیں درود شفا یہ ہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ

FREE AMLIYAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

دَوَائِهَا وَعَافِيَتِ الاَ يْدَانِ وَ شِفَائِهَا وَّلاَ بْصَارِ وَ ضِيَا ئِهَا وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحٰبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ

## فرزند نرینہ کے لئے

عورت اور مرد دونوں باوضو قبلہ رو بیٹھیں اور یہ آیہ کریمہ مع بسم اللہ شریف عورت کے بائیں پہلو پر ناف کے نیچے تک لکھے اور ایک کاغذ کے پرزے پر بھی لکھ کر بائیں طرف لٹکا دے اور اسے حوائج ضروریہ کے بغیر وہاں سے کھولے نہیں (اور اب قربت کرے) یہ نیت کرے کہ اگر فرزند نرینہ ہوگا تو اس کا نام محمد رکھوں گا۔ واؤ اور میم اور دوسرے حروف چشمے دار کھلے لکھے۔ آیات کریمہ یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَوْ اَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ط لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ۔

## پانی برسنے کے لئے

اَسّی بار یہ رباعی پڑھے :

خلقی ہمہ بر در گہت اے صانع پاک
ہلستند برائے قطرۂ آبے غمناک
سقائے سحاب رابفرما زکرم
تا آب زند برسرایں مشتے خاک

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

## برائے جملہ مہمات (پریشانی کیلئے)

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت یا ایسا غم پیش آئے جو کسی طرح دور نہ ہوتا ہو اسے چاہیے کہ یہ دعا جمعرات کے دن صبح کے وقت پڑھے دس روز پڑھتے نہ گزرینگے کہ بحکمہ تعالیٰ حاجت برآئیگی۔ شیخ الاسلام شیخ الشیوخ مرشدالدین شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر اس کی حاجت روانہ ہو تو قیامت کے دن اس کا ہاتھ میرے دامن میں ہو۔ دعائے بزرگ یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرُ الْقَاھِرُ الْقَوِیُّ الْکَافِیْ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

## دعائے حاجت

اگر کسی کو کوئی حاجت ہو یا درد ہو تو یہ دعا تین مرتبہ پڑھے۔ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم اَللّٰھُمَّ اَنْتَ لَھَاوَلِکُلِّ عَظُمَۃٍ فَفَرِّجْھَا عَنِّیْ

## زیادہ سخت دشوار حاجت کے لئے

بعد نماز فجر یا عشاء قبلہ رو باوضو اس طرح بیٹھے کہ بایاں گھٹنا بچھائے سیدھا گھٹنا سیدھا رہے اس پر ٹھوڑی جما کر زور دیکر بیٹھے اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں یہ ورد پڑھے:- (وَسَھِّلْ بِفَضْلِکَ یَا عَزِیْزُ) مقصد کے پورا ہونے تک برابر پڑھے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# اصحّ التّواریخ سے چند معالجات

**علاج:-** کڑوے پیلو کے پتے اوراس کی چھال کو ایک جگہ پیس کر پیٹ پر چندروز باندھے ایسا کرنے سے بحمدہ تعالیٰ جلندھر دور ہو جاتا ہے۔

**علاج:-** بیَل کے سُم جلا کر اسکی راکھ شہد میں ملا کر کھانے سے کدودانے سب نکل جاتے ہیں۔

**علاج:-** اگر کسی کو سانپ یا بچھو کاٹ لے تو چاہیے کہ مٹی پانی اور نمک ایک جگہ گھول کر زخم کی جگہ لگائیں اللہ کے حکم سے مریض اچھا ہوگا۔ مگر یہ ضروری ہے کہ نمک طلب کرتے وقت نمک کا نام صراحۃً نہ لے بلکہ اشارۃً مثلاً یوں کہے کہ وہ سپید چیز جو آٹے میں ملاتے ہیں وہ لاؤ۔

**علاج:-** نربسی کی جڑ پانی میں گھس کر آنکھ میں لگانے سے نئی پرانی پھلی بحکمہ تعالیٰ دور ہو جاتی ہے۔

**علاج:-** جو عورت پہلی بار بچہ جننے والی ہو اس کے دودھ میں تھوڑی سے مصری ملا کر تین دن آنکھ میں لگائے تو آنکھ میں جو سپیدی (مرض کی) کہ پرانی ہو چکی ہو وہ بھی بحمدہ تعالیٰ دور ہو جاتی ہے۔

**علاج:-** ہدہد کا خون آنکھ میں لگانے سے بھی یہی نتیجہ حاصل ہوتا ہے۔

**علاج:-** بارہ سنگھ کے سینگ کو عورت کے دودھ میں گھس کر آنکھ میں لگانے سے گل چشم پھلی نئی اور پرانی بحکمہ تعالیٰ دور ہو جاتی ہے۔

FREE AMLIYAT BOOKS pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# آسانی ولادت کے لئے نہایت مجرب عمل

جب عورت کے درد زہ ہونے لگیں تو ایک چینی کی پلیٹ کے اندر جو دیگچی وغیرہ پر ڈھکی جاتی ہے یہ عمل لکھ کر عورت کے سر پر رکھے انشاء اللہ جلد بچہ پیدا ہوجائیگا۔ عبارت یہ ہے: کوراپار اسر پر دھرا نکل پڑی یا نکل پڑا

## سورۂ مزّمّل شریف

جو شخص مداومت سے پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ دنیا میں اسکی روزی میں وسعت دیتا ہے اور اسکے کاموں کو نیک کرنے کی توفیق دیتا ہے۔

## ہر مہم آسان کرنے کے لیئے روزی کے لیے

سورہ مزّمّل شریف کو ایک ہزار بار پڑھے ایک مجلس میں اور روزی میں فراخی، عیش و آرام سے زندگی بسر کرنے کے لیے اکتالیس بار پڑھے اول آخر درود شریف ایک مجلس میں۔

## دانت کا درد دور ہونے کے لیئے

ایک بار درود شریف اول آخر میں پھر آیت الکرسی ایک بار پھر یہ دعا پڑھے: مَن كَرَبَ الْعَظِيْمِ وَالْفَهِيْمِ اس کے بعد آخر میں درود شریف پڑھ کر چھری پر دم کرے اور یہ نقش لکھ کر کاٹے۔

نقش یہ ہے: | یعملموا |

## چوری گئی ہوئی چیز کا پتہ لگنے کے لئے

اگر کسی کا غلام بھاگ جائے یا سامان چوری ہوجائے تو نماز عشا کے وقت وضو کر کے سات بار سورۂ والشمس اور سات بار سورۂ واللیل اور ایک بار یہ دعا پڑھے

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اور داہنی کروٹ سورہے خواب میں کسی شخص کو یہ کہتے دیکھے گا کہ اٹھ اور فلاں جگہ جا تیرا غلام وہاں ہے یا فلاں اسے لے گیا ہے، مجرب ہے دعا یہ ہے: ۲۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اٰمَنْتُ بِکَ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ وَکَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ فَقَدِ اسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَھَا وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا عَالِمَ الْغَیْبِ اجْعَلْ لِیْ مِنْ ھٰذَا فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا۔

## بھاگے ہوئے کے واپس آنے کے لئے

اگر کسی کا غلام بھاگ گیا ہو یہ نقش کاغذ پر لکھ کر پتھر کے نیچے دبائے انشاء اللہ بھاگا ہوا واپس آ جائیگا نقش یہ ہے:

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ع | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

## نکسیر کا خون بند ہونے کے لئے

جس کے ناک سے خون جاری ہو وہ اس آیت پاک کو لکھ کر مریض دونوں آنکھوں کے درمیان ناک کے اوپر باندھے اگر عورت کو خون جاری ہوتا ہو تو اس آیات کو تین پرچوں پر لکھے ایک پرچہ گلے میں، ایک دامن میں آگے ایک دامن میں پیچھے لٹکا باندھے شفا ہوگی۔ آیات یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِہِ الرُّسُلُ اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ

FREE AMLIYAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# سخت سے سخت مصیبت دور ہونے کے لئے ورد

رات کو کھڑے ہو کر دو یا چار یا چھ بار جس قدر بھی ہو سکے نماز نفل بعجز و نیاز تمام پڑھے پھر اللہ کے لئے سجدہ ادا کرے اور یہ دعا پڑھے: عَبْدُکَ بِفَنَائِکَ وَ مِسْکِیْنُکَ بِفَنَائِکَ وَ سَائِلُکَ بِفَنَائِکَ وَ فَقِیْرُکَ بِفَنَائِکَ جس قدر بھی پڑھا جائے بحضور قلب تمام کرے انشاء اللہ مصیبت دور ہو گی۔

## قبولیت دعا کے لئے

اس کا ورد کثرت سے کیا کرے آیت یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاِذَا جَآءَتْھُمْ آیَۃٌ قَالُوا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰی نُؤْتٰی مِثْلَ مَآ اُوْتِیَ رُسُلُ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ

## تفریق اور جدائی کے لئے

یہ نقش لکھ کر قبر میں دفن کرے جدائی والوں کے نام مع ولدیت نیچے لکھے نقش یہ ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۵۴ | ۳۵۷ | ۳۶۰ | ۳۴۷ |
| ۳۵۹ | ۳۴۸ | ۳۵۳ | ۳۵۸ |
| ۳۴۹ | ۳۶۲ | ۳۵۵ | ۳۵۲ |
| ۳۵۶ | ۳۵۱ | ۳۵۰ | ۳۶۱ |

تاج العلماء علیہ الرحمہ کا عطیہ زمانہ طالب علمی میں عطا کیا

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۷ | ۲ | ۹ |
| ۸ | ۶ | ۴ |
| ۳ | ۱۰ | ۵ |

نقش ۱۸ کا

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

## مکان خالی کرانے کے لیے

یہ نقش لکھ کر مکان یا دوکان پر چسپاں کریں۔ مکان یا دوکان جلد خالی ہوگا۔ نقش یہ ہے:

**ط ط دَ ذط ۱۱ ما لؔ ھ ی ۱۱۸۱۱ ای وکُ لک**

## برائے محبت زوجین

اگر شوہر کے لئے کرنا ہو تو عورت الٹے بازو پر باندھے اور عورت کے لیے کرنا ہو تو مرد سیدھے بازو پر باندھے۔ نقش یہ ہے:

**لاالہٰ الاَّ اللّٰہ ۱۱۵**

**ء-اللّٰہ مرد اللّٰہ اللّٰہ**

یہ نقش بھی محبت زوجین کے لئے مفید ہے۔ اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے یا بازو پر باندھے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶ے

<table>
<tr><td>۱۹ے</td><td>۲۲ے</td><td>۲۵ے</td><td>۱۱ے</td></tr>
<tr><td>۲۴ے</td><td colspan="2" rowspan="2">۱۲ے ۹۵۲ ۱۸ے<br>۹۵۱ ۹۴۷<br>۹۴۶ ۹۴۹ ۹۴۸<br>۹۵۳ ۹۴۷<br>۲۷ے ۹۴۸ ۲۰ے</td><td>۲۳ے</td></tr>
<tr><td>۱۳ے</td><td>۱۷ے</td></tr>
<tr><td>۲۱ے</td><td>۱۶ے</td><td>۱۴ے</td><td>۲۶ے</td></tr>
</table>

## حب کے لئے

**یا ودود** ایک ہزار مرتبہ اول آخر درود شریف پڑھے نمک کھانے والے پر دم کرے بروز جمعرات پڑھے اور مطلوب کو روز آنہ کھانے کی چیز میں ڈال کر

FREE AMILIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/amliyatbooks/

کھلائے انشاء اللہ مطیع وفرمانبردار ہو۔ مطلوب کا تصور رکھنا ضروری ہے۔

## زیادتی عقل کے لیے

اگر چہ مادرزاد احمق ہو یہ طلسم مشک زعفران سے لکھ کر کھلائے۔

طلسم یہ ہے:



عبادت کے شرف قبول پانے کے لیے ضروری ہے یہ آیت کریمہ بہت کثرت سے پڑھا کریں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

احساس شیخ

## بجلی گرنے اور بادل کی گرج کا ڈر دور ہونے کے لئے

یہ تسبیح پڑھے سُبْحَانَ مَنْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَةٍ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ٥

## مچھر اور پسّو کے دفع کے لئے

آیت کریمہ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ٥ مع تسمیہ پڑھکر اپنی انگلی سے اشارہ کرے۔

❀ ❀ ❀

FREE AMLIYAT BOOKS.......pk
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

**مرگی کے دفع کے لئے:** جب مرگی آئے اُسی وقت مریض کی پیشانی پر لکھے عسق و عسق اگر بچہ روتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں باندھے۔ اططط اطاططط ططط ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ

**برائے کفایت ہر مہم:** تین دن سو سو بار یہ دعا مع تسمیہ پڑھے یا الٰہی و یا صَمَدِیْ وَ مِنْ عِنْدِکَ مَدَدِیْ وَ عَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ وَ یا مُنْتَھٰی فَرَجِیْ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

**طریقہ ختم قادریہ:** اسی خاندان عالی کے مجرب ترین اعمال سے ہے۔ جملہ حاجات دینی و دنیوی کے لئے باذنہٖ تعالیٰ مفید۔ اول درود قادریہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَسَلِّمْ ایک سو گیارہ بار۔ اور اگر یہ نہ پڑھ سکے تو اسکی بجائے یہ صیغہ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ۔ پھر کلمہ تمجید سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ ایک سو گیارہ بار پھر سورۂ اخلاص شریف ایک سو گیارہ بار پھر سورہ الم نشرح ایک ہزار گیارہ بار۔ اور اس سورہ کے شروع کرنے کے وقت سورہ یٰسین شریف تین بار ایک یاد و یا تین دن پڑھیں۔ پھر سورۂ الم نشرح کے بعد سورۂ فاتحہ ایک سو گیارہ بار۔ پھر وہی درود شریف ایک سو گیارہ بار اور سورۂ اخلاص شریف ایک سو گیارہ بار اور یا حضرت شیخ عَبْدُ الْقَادِرِ اَعْطِنِیْ شَیْئًا لِّلّٰہِ ایک سو گیارہ بار پڑھ کر ختم کرے۔ بعد ختم اگر ممکن ہو تو تھوڑی شیرینی پر ورنہ ویسے ہی حضور حضرت پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح پر فتوح کو فاتحہ پڑھے۔ اور اپنی حاجت حضرت رب العزت سے طلب کرے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# حادثات سے بچنے کی دعا

ہر روز پڑھا کریں حادثات سے بچے رہیں گے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّی لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَلَمْ يَشَالَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط اِعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ہ اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ.

تـــمـــت

ضروری گذارش یہ ہے کہ قرآنی آیات کو احتیاط سے پڑھیں اور زیر زبر کی کوئی غلطی دیکھیں تو صحیح فرما لیا کریں ویسے ہم نے بہت کوشش کی ہے کہ غلطی نہ ہو پھر بھی سہواً ہماری یا پریس کی بنا پر کچھ خامی رہ گئی ہو تو معاف فرمائیں اور ہمیں مطلع کریں شکریہ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# تقریظ

از حضرت العلام مجاہد سُنّیت مولانا صوفی مفتی عاشق علی قادری رضوی
بانی ومہتمم نوری رضوی دار العلوم اونچی بھوڑ گولہ ضلع لکھیم پور کھیری یوپی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

آج بتاریخ ۲ رر جب المرجب ۱۴۲۳ھ دنیائے سُنّیت کے مشہور عالم دین وملت مظہر حق وصداقت بقیۃ السلف حجۃ الخلف حضرت العلام الشاہ مولانا مفتی محمد مظہر حسن قادری برکاتی مدظلہ العالی کی تالیف نو برکاتی عملیات کا مسودہ بصرنواز ہوا۔ بحمدہ تعالیٰ وبعون حبیب الکریم علیہ الصلاۃ والتسلیم دل باغ باغ ہوگیا۔ یہ سب مشائخ عظام مارہرہ شریف اور بزرگان بریلی شریف کا خصوصی فیضان ہے کہ گونا گوں مصروفیات سخت علالت ونقاہت کے باوجود قوم کی اصلاح فلاح کے لیے ایمان افروز باطل سوز گراں قدر تحائف دینی ملّی کرتے رہتے ہیں۔

آپ کی بہت سی کتابیں جیسے شرعی فیصلہ، برکات رمضان، پیغام حق، اصلاحی پیغام (حضور مفتی اعظم ہند قرآن وحدیث کی روشنی میں) نسخہ نجات، روح پرور، گلہائے برکات اور نوری گلستاں جس کا ثبوت ہیں اور برکاتی عملیات سلسلہ تالیف کی ایک اہم پیش کش ہے۔ مولا تعالیٰ آپ کی دینی کاوشوں کو مقبول خاص وعام فرمائے۔ دین ودنیا کی برکتوں سے سرفراز فرمائے۔

حضرت کو صحت تامہ وشفاء کاملہ عطا فرما کر تا دیر حضرت کا سایہ کرم ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین بجاہ النبی الکریم علیہ الصلاۃ تسلیم وعلیٰ الہ وصحابہ اجمعین

خاکپائے اولیاء

ابوالمجاہد محمد عاشق علی قادری رضوی عفی عنہ

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# ☆ سوانحی خاکہ ☆

(مظہر العلماء حضرت مولانا محمد مظہر حسن قادری برکاتی بدایونی مدظلہ العالی)

**نام و ولدیت:** محمد مظہر حسن ابن جمیل احمد ابن عبدالعزیز ایک معزز صحیح العقیدہ خاندان

**تاریخ ولادت:** ۲۶ر رجب المرجب ۱۳۵۵ھ اپنے آبائی مکان حویلی کمالی انصاری محلہ ناگران بدایوں میں ہوئی۔

**تسمیہ خوانی:** جب ۴ سال ۴ ماہ ۴ دن کی عمر ہوئی تو ۴ بجے دن میں اسی وقت اس حویلی میں پڑھائی گئی۔

**تعلیم دینی اور دنیوی:** دنیوی تعلیم ہندی انگلش صرف آٹھویں کلاس تک یعنی مڈل تک ہی ہو پائی اور دینی تعلیم باقاعدہ درس نظامی سے فاضل ہوئے دارالعلوم منظر اسلام سے

احساس شیخ

**جن جن مدارس میں پڑھا ان کے نام:** **مدرسہ بحرالعلوم** بہیڑی ضلع بریلی، **مدرسہ اہل سنت بدرالعلوم** جس پور ضلع نینی تال، **مدرسہ شمس العلوم** گھنٹہ گھر بدایوں، **جامعہ قاسمیہ مدرسہ ظہیرالاسلام** مسجد جعفری بدایوں، **دارالعلوم منظر اسلام** بریلی شریف، درس نظامی کا مکمل کورس ہونے پر ۱۶ر جمادی الاول ۱۳۸۲ھ میں فاضل کی سند لینے کے بعد بدایوں میں ایک جشن دستار فضیلت کا انعقاد ہوا مدرسہ ظہیرالاسلام میں جس میں حضرت مولانا مفتی مظفر احمد برکاتی داتا گنجوی نے یہ قطعات سنائے۔

## قطعہ ۱

میرے مظہر کو لطف و کرم مل گیا — بخدا ان کو فیض اتم مل گیا
کہہ مظفر تو تاریخ دستار کی — پاکباز آج باغ ارم مل گیا

۱۳۸۲ھ

FREE AMLIYAAT BOOKS ...pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

## قطعہ ۲

جلسہ دستار کیا ہے اہل سنت کا قرار نجدیوں مودودیوں کا خواب ہوتا شرمسار
کہہ مظفر جلسہ دستار کی تاریخ اب ہے یہ فیضان اتم اور فضل کردگار
۱۳۸۲ھ ۱۳۸۲ھ

**مقام افتاء:** اسی دوران مدرسہ ظہیرالاسلام مسجد جعفری سے بیادگار تاج العلماء رحمۃ اللہ علیہ مارہروی ماہنامہ رسالہ نقیب حق کا اجراعمل میں آیا جس کا مفتی مولانا محمد مظہر حسن برکاتی کو بنایا گیا۔

**اساتذہ:** حضرت مولانا محمد ابراہیم رضا خاں رضوی مفسر اعظم ہند نبیرۂ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی حضرت مولانا محدث احسان علی رضوی بہار حضرت مولانا مفتی جہانگیر صاحب رضوی اعظم گڑھ حضرت مولانا عبدالتواب صاحب شافعی مصری فاضل جامعہ ازہر مصر، حضرت مولانا مفتی محمد ابراہیم صاحب فریدی سمستی پور بہار، مولوی محبوب حسن قادری بدایونی، حافظ امداد اللہ شاہ صاحب محلہ قبول پورہ بدایوں، مولوی خلیل احمد خاں جو بعد کو خارج اسلام ہوئے بحکم شرعی فیصلہ جن سے حضرت کا کوئی تعلق نہیں رہا استغفر اللہ۔

**بیعت:** سراج السالکین، عمدۃ العارفین، تاج العلماء حافظ قاری مفتی مولانا سید شاہ اولاد رسول محمد میاں برکاتی مارہروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ۲۲ صفر المظفر ۱۳۷۲ھ میں داخل سلسلہ برکاتیہ ہوئے۔

**خلافت:** حضرت تاجدار اہل سنت مولانا شاہ مصطفےٰ رضا خاں برکاتی مفتی اعظم ہند بریلی شریف سے ماہ ذی القعدہ ۱۳۹۵ھ کو حاصل ہوئی اور حضرت علامہ مفتی اختر رضا خاں صاحب رضوی قائم مقام مفتی اعظم ہند سے بھی حاصل ہے نیز اور کئی علماء کرام سے بھی حاصل ہے۔

**اکتساب فیض:** مندرجہ ذیل اکابرین سے اکتساب فیض حاصل ہوا:

۱۔ پیرومرشد حضور تاج العلماء سید شاہ اولاد رسول محمد میاں برکاتی مارہروی ۲۔ حضور

FREE AMLIYAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

سید العلماء سید شاہ آل مصطفیٰ میاں برکاتی نوری مارہروی ۳۔ حضور احسن العلماء مرشد اعظم ہند سید شاہ مصطفیٰ حیدر حسن میاں برکاتی مارہروی ۴۔ حضور تاج دار اہل سنت مولانا مصطفیٰ رضا خاں برکاتی مفتی اعظم ہند بریلی شریف رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

**دیدار مصطفیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم:** ۱۹۷۰ء بعد نماز عشاء تقریباً ایک بجے شب صبح ۳ بجے تک پہلے خواجہ اجمیری کو دیکھا اور انھوں نے حکم دیا ہوشیار آقا کی سواری آنے والی ہے۔ سرکار ابد قرار محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار نصیب ہوا خوب دیدار سے مشرف ہوئے اور ۳۰ بوسے پائے اقدس کے حاصل کیے سبحان اللہ تفصیل بہت طویل ہے اس لئے معافی۔

**درس و تدریس:** مولانا موصوف فراغت کے بعد ۱۳۸۲ھ سے ۱۳۸۷ھ تک کراچی پاکستان میں تدریس کے فرائض انجام دیتے رہے۔ بعدہٗ ہندوستان آکر مختلف اضلاع کے مدارس اسلامیہ میں مصروف تدریس رہے۔

**تبلیغی خدمات:** فی سبیل اللہ فروغ سنت مسلک اعلیٰ حضرت مشن برکاتیت کا زور شور سے محبوب مشغلہ رہا مجاہدانہ عظیم کارہائے نمایاں انجام دیئے جس میں تعمیر مساجد اور قیام مدارس پر بہت زور رہا جن کی تعداد خاصی ہے تقریباً دو درجن مساجد اور مدارس مختلف اضلاع اور ان کے دیہات وغیرہ میں قائم ہیں۔

**تبلیغی دورے:** لاہور، حیدر آباد، ٹھٹھ، کراچی، پاکستان، مہندر نگر، دھنگوی، نیپال، بدایوں بریلی، پیلی بھیت، شاہجہاں پور، لکھیم پور، ممبئی، اجین، ناگدا، علی گڈھ، ایٹہ ان شہروں کے بہت سے قصبات اور دیہات میں جاجا کر تبلیغ وسنت مسلک اعلیٰ حضرت کے لئے انتھک کوششیں کیں۔

**القاب:** مظہر العلماء، مظہر حق وصداقت، امیر ملت، مبلغ برکاتیت، پاسبان مسلک اعلیٰ حضرت، مرد مجاہد

**ایوارڈ:** دارالعلوم منظر اسلام بریلی شریف کے جشن صد سالہ کے موقع پر امیر ملت ایوارڈ سے نوازا گیا اور سند توصیفی بھی عطا کی گئی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

**تصانیف:** ☆اظہار حق، ☆تاثرات جذبات امام احمد رضا فاضل بریلوی، ☆مفتی اعظم ہند قرآن وحدیث کی روشنی میں، ☆الاقوال القاطعہ فی رد المؤید الوہابیہ بنام شرعی فیصلہ، ☆پیغام حق، ☆برکات رمضان، ☆نسخہ نجات، ☆اصلاحی پیغام، ☆شرعی حکم، ☆فتائی مظہری علی مذہب الحنفی غیر مطبوعہ، ☆گلہائے برکات مناقب مشائخ عظام خانقاہ برکاتیہ مارہرہ شریف، ☆نوری گلستان درشان حضور مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ بریلی شریف۔

**علماء و مشائخ سے روابط:** یہ بھی ایک خصوصیت ہے کہ زمانہ تعلیم ہی میں اکثر جید علماء کرام ومشائخ عظام سے ملاقاتیں ہوئیں اور اچھے دینی روابط بھی رہے جن کے اسماء گرامی ذکر کرتے ہیں۔

حضرت محدث اعظم ہند کچھوچھہ شریف، حافظ ملت مولانا عبدالعزیز صاحب اعظم گڈھ، مجاہد ملت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب اڑیسہ، حضرت مولانا مفتی عزیز احمد بدایونی ثم لاہوری، حضرت مولانا مفتی محمد خلیل خاں برکاتی حیدرآباد پاکستان، مفتی محمد عمر نعیمی صاحب کراچی، حضرت مولانا سید غلام جیلانی سہوانی ثم میرٹھی، حضرت مولانا قاضی شمس الدین صاحب مصنف قانون شریعت، حضرت مفتی شریف الحق صاحب امجدی اعظم گڈھ، حضرت مولانا حسنین رضا خاں رضوی بریلوی، حضرت مولانا ریحان رضا خاں صاحب رضوی بریلوی، حضرت مولانا محمد حسین صاحب سنبھل مرادآباد، حضرت مولانا مشاہد رضا خاں صاحب پیلی بھیت، حضرت مولانا سید خلیل احمد صاحب قادری امروہہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، حضرت مولانا صاحب موصوف کے زبردست عظیم کارناموں کی فہرست بہت طویل ہے انشاء اللہ العزیز کسی موقعہ پر پیش کرنے کی سعادت حاصل کروں گا۔

فقط والسلام مع الاکرام

آپکا مخلص

(حافظ مولانا) ارشاد القادری

شیر پوری پیلی بھیت یوپی

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# ☆ تاثرات ☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

ازقلم- مولانا حافظ وجہ القمر برکاتی (مدرس مدرسہ برکاتیہ امین الاسلام بدایوں)

حافظ جاوید اختر رضوی (شیر پور کلاں پیلی بھیت)

مظہر حق وصداقت، پاسبان مسلک اعلیٰ حضرت، شیر شیرانِ شجاعت مرشدِ برحق حضرت علامہ و مولانا مفتی محمد مظہر حسن صاحب قادری برکاتی بدایونی خلیفہ حضور مفتی اعظم ہند علیہ الرحمہ وخلیفہ حضور مفتی علامہ اختر رضا خاں رضوی قائم مقام مفتی اعظم ہند ازہری میاں قبلہ وخلیفہ حضرت مولانا مفتی وجیہ الدین صاحب علیہ الرحمہ پیلی بھیتی کی ذاتِ محتاجِ تعارف نہیں۔ حضرت کے فیوض و برکات تقریباً ''نصف صدی سے دنیا'' حاصل کررہی ہے۔ خاص کر پیلی بھیت، شاہ جہاں پور و لکھیم پور والوں پر آپ کے فیضان عام ہیں اور اب اس بزرگی کے عالم میں بھی اہل بدایوں خصوصاً ''بزم قاسمی برکاتی'' کے لیے تبلیغی وتحریری مشن جاری ہے۔

یہ بڑی مسرت کی بات ہے کہ ہر خاص وعام کے لئے حضرت نے ایک نادرونایاب تحفہ بنام ''برکاتی عملیات'' عطا کیا ہے جس سے ہر شخص تھوڑا سا پڑھا لکھا اردو داں بھی فیوض وفوائد حاصل کرسکتا ہے۔

حضرت کی شخصیت کا نمایاں پہلو مذہب اہلسنت کی اشاعت وحفاظت، وسیع القلبی اور خلوص ومحبت ہے۔ ہر امیر وغریب سے محبت سے ملنا، ہر پریشان حال کی پریشانی میں کام آنا او. ہر ایک کی بات دلچسپی سے سننا آپ کا خاصہ ہے۔ ہمارے پورنپور اور شیر پور کے علاقہ میں تو یہ آنکھوں دیکھا حال ہے کہ جب بھی حضرت کی تشریف آوری ہوتی ہے تو ہر خاص وعام اپنی پلکیں بچھادیتا ہے۔ جاں نثارانِ حق کا یہ حال ہے کہ ہر وقت حضرت کے لیے اپنی جاں نثار کردینے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ کسی راستے سے گزریں تو دست بوسی کے لیے لوگ گھیر لیں۔ دوکاندار اپنی دوکانوں سے باہر آکر دست بوسی کا شرف حاصل کریں۔ یہ سب حضرت کے اعلیٰ اخلاق کا کرشمہ ہے۔ خلوص ومحبت اور لطف وعطا اپنوں ہی کے لیے خاص نہیں بلکہ ہر سنی مسلمان چاہے وہ امیر ہو یا غریب، چاہے وہ حضرت کا مرید ہو یا شاگرد ہو یا کسی اور کا اگر اسکی خواہش ہے کہ حضرت میرے غریب خانہ پر قدم رنجہ فرمائیں تو بلا تکلف اپنے قدوم میمنتِ لزوم سے اس کے غریب خانے کو بخشتے ہیں۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ حضرت اگر ہمارے علاقہ یا شیر پور میں تشریف لائیں تو حاجت مندوں کا میلہ سا لگ جاتا ہے۔ ہر ایک کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ حضرت میرے لئے دعا فرمائیں مجھ کوئی



FREE AMLIYAAT BOOKS pdf https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

نقش عنایت فرمائیں، کوئی تعویذ دیدیں اور آپ نے کسی کو بھی نوازنے میں کبھی بخل سے کام نہیں لیا۔ شیر پور کی عوام تو عوام خواص بھی حتیٰ کہ نوابی خاندان کے افراد بھی آپ سے والہانہ عقیدت رکھتے ہیں او آپ کا احترام کرتے ہیں۔ خوشی وغم کے موقع پر آپ کے درِ دولت پر بھی حاضر ہوئے ہیں۔

ایک زمانہ ایسا بھی آیا جب خسرہ چیچک کی وبا نے شیر پور اور قرب وجوار کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ دیکھنے والوں کا کہنا ہے وہ لوگ ابھی بھی حیات ہیں جیسے پتو خاں رضوی کہ حضرت نے محنتِ شاقہ اور جفا کشی کا وہ مظاہرہ پیش کیا کہ مخالفین بھی انگشت بدنداں رہ گئے۔ رات و دن کی مصروفیت، گھر گھر جاکر تعویذات اور گنڈے بانٹنا۔ وبا کے لیے روک تھام کرنا، تلاوت کرنا، اذانیں پڑھنا پڑھوانا، صدقات دلوانا، وبا سے جو بچے جاں بحق ہوگئے ان کی نماز جنازہ پڑھانا مسلسل آٹھ روز تک بغیر سوئے شب وروز مصروف رہ کر اس وبا سے لوگوں کو نجات دلائی۔ تقریباً چار سو بچے اس وبا کی نذر ہوگئے صرف ایک ہفتہ میں۔ چند منٹ بھی سونا ایک ہفتہ میں نصیب نہیں ہوا۔ جب حضرت نڈھال ہوگئے تو پھر بدایوں آکر آرام کیا اور دو روز بعد پھر شیر پور پہونچ گئے یہ تو جوانی کا دور تھا اب اس ضعیفی کے عالم میں جب کہ کمزوری کی حالت ہے اور حضرت زیادہ تر علیل رہتے ہیں۔ آپ کی کاوشوں میں کوئی فرق نہ آیا بلکہ خدمتِ دین وخدمتِ خلق کا کام اور زیادہ تیز کردیا۔ جب تک قویٰ مضبوط رہے تو تبلیغ کا کام زورِ بیان و بازو سے لیا اور مدارس اسلامیہ اور عبادت گاہیں جیسی جہاں ضرورت محسوس کی تعمیر کرائیں جن کی ایک لمبی فہرست ہے اور اب جبکہ علالت چلنے پھرنے کی اجازت نہیں دیتی تو قلم سنبھال لیا اور مذہب حقہ کی تبلیغ و اشاعت کا کام تحریر کے ذریعے شروع کردیا اب تک آپ کی کئی کتابیں منظرِ عام پر آچکی ہیں۔ زیرِ نظر کتاب ''برکاتی عملیات'' اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

آپ کا خدمتِ دین وخدمتِ خلق کا یہ جذبہ دیکھ کر کہنا پڑتا ہے کہ آپ جیسا مردِ آہن و مردِ مجاہد ہماری نظروں نے نہیں دیکھا۔ ڈاکٹر اقبالؔ کا یہ شعر آپ پر پورا پورا صادق آتا ہے۔

یقیں محکم، عمل پیہم، محبت فاتحِ عالم
جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں

رب العالمین آپ کا سایۂ کرم ہمارے سروں پر تادیر قائم رکھے آمین۔ بجاہ النبی الکریم علیه الصلاۃ والتسلیم و علی الِهٖ واصحابه اجمعین۔

آپ کے مخلص

**وجہ القمر برکاتی و جاوید اختر رضوی**

شیر پور کلاں، پیلی بھیت

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# اہم گذارش

برادرانِ مسلمین کو معلوم ہی ہے کہ خانقاہ برکاتیہ مارہرہ شریف [illegible] نکلنے والا ماہنامہ رسالہ ''اہلسنت کی آواز'' جو فی الوقت سالنامہ کی حیثیت [illegible] صفحات پر مبنی دولت ایمان سے مالا مال یعنی شریعت وطریقت، معرفت [illegible] کے جام پلانے والا عرس قاسمی کے مبارک ومسعود موقع پر نظر نواز ہوتا ہے۔ [illegible] اپنی دینی تاریخی معلومات میں اضافہ کیا کریں اور دولت دارین سے مالا مال [illegible] دیگر علماء اہلسنت کی کتب خرید فرمایا کریں، خریدنا نہ بھولیں۔ گیا وقت ہاتھ نہیں [illegible] عرس قاسمی کو یاد رکھیں حاضری مبارک ہو، مرادیں پوری ہوں۔

## ہماری کتب ملنے کے پتے

۱۔ قادری بک ڈپو نو محلہ مسجد بریلی شریف

۲۔ رحمانیہ رضویہ کتب خانہ، خانقاہ رضویہ کے سامنے، محلہ سوداگران بریلی

۳۔ نوری رضوی دار العلوم اونچی بھوڑ گولہ لکھیم پور یوپی

۴۔ مولانا عامر رضا خاں رضوی کرانہ اسٹور، پورن پور، پیلی بھیت

۵۔ مدرسہ برکاتیہ امین الاسلام مسجد جعفری بدایوں

۶۔ مدرسہ قاسمیہ برکاتیہ محلہ ناگراں، بدایوں شریف

۷۔ غوثیہ لائبریری اسلام نگر، کھٹیمہ، اودھم سنگھ نگر، اترآنچل

**خالص دینی تبلیغی مشن کے بارے میں رابطہ کا پتہ:**

(مولانا) محمد مظہر حسن قادری برکاتی، متصل نوری مسجد محلہ ناگراں، بدایوں شریف

...pdf